بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسواک کی لمبائی اور موٹائی کی مقدار

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

مسواک خریدی ہے، تو وہ ایک بالشت سے لمبی ہے، کیا اسے ایک بالشت تک کاٹنا ضروری ہے؟ یا ایک بالشت سے زائد مسواک استعمال کرسکتے ہیں؟

جواب

مسواک میں افضل و مستحب یہ ہے کہ اس کی لمبائی ایک بالشت، اور موٹائی ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے برابر ہو، لہذا دریافت کی گئی صورت میں بہتر یہ ہے کہ آپ ایک بالشت سے زیادہ کو کاٹ لیں۔ درمختار میں ہے "(و) ندب إمساكه (بيمناه) وكونه لينا، مستويا بلا عقد، في غلظ الخنصر وطول شبر" ترجمہ: اور مستحب ہے مسواک کو دائیں ہاتھ سے پکڑنا، اور اس کا نرم ہونا، سیدھی، بغیر گرہ کے ہونا، موٹائی میں چھنگلیا کے برابر، اور لمبائی میں ایک بالشت کے برابر ہونا۔ (درمختار مع ردالمحتار، ج 1، ص 114، دارالفکر، بیروت)

فتاوی عالمگیری میں ہے "ينبغي أن يكون السواك من أشجار مرة؛ لأنه يطيب نكهة الفم ويشد الأسنان ويقوي المعدة وليكن رطبا في غلظ الخنصر وطول الشبر" ترجمہ: چاہیے کہ مسواک کڑوے درختوں کی لکڑی سے ہو، کیونکہ وہ منہ کی خوشبو درست کرتی ہے، دانتوں کو مضبوط کرتی ہے، اور معدے کو تقویت دیتی ہے۔ نیز مسواک تر ہو، اس کی موٹائی چھوٹی انگلی کے برابر، اور لمبائی ایک بالشت ہو۔ (الفتاوی الھندیۃ، جلد 1، صفحہ 7، دارالفکر، بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4987

تاریخ اجراء: 19 ذوالقعدۃ الحرام 1447ھ/07 مئی 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net